# TERMS & CONDITIONS شرائط وضوابط

I/We hereby apply for a facility against Auto Financing for purchase of a motor vehicle on Diminishing Musharaka/ Ijarah Basis (Facility) from Bank AL Habib Limited Islamic Banking Division (BAHL-IBD).

I/We acknowledge and confirm that:

1. No legal proceedings have been commenced or underway against me/us.
2. All information furnished by me/us in this application is true, complete and accurate and I/we have not withheld any material fact.
3. The references whose particulars are mentioned in the Application Form are aware of this transaction and will oblige BAHL-IBD for confirmation of the same.
4. The Facility requested by me/us in this application will be offered at the absolute discretion of BAHL-IBD and BAHL-IBD reserves the rights to reject this application without assigning any reason, whatsoever.
5. The Facility will be provided subject to the terms and conditions contained in the Offer Letter (if issued by BAHL-IBD offering me/ us the Facility);
6. I/We hereby authorize BAHL-IBD and third parties, including my/our bankers, to exchange any of my/our information for the purpose of processing this application and for the conduct of any of my/our account at BAHL-IBD as long as I/we remain the customer of BAHL- IBD.
7. "I/We indemnify and agree to hold BAHL-IBD indemnified and harmless against any loss, damage, costs and expenses, fees, claims and proceedings, which may be incurred or sustained by BAHL-IBD or claimed against BAHL-IBD as a result of a breach of these terms and conditions by me/ us or any information provided or representation made by me/ us in this application form being incorrect or untrue or any discrepancy in my/ our signature on this application form and I/we hereby undertake to pay to BAHL-IBD the amount demanded by BAHL-IBD pursuant to this indemnity within [ 7 ] working days of the first written demand of BAHL- IBD."
8. The applicable IRR (Internal Rate of Return) on the Facility is as follows, which shall be fixed for the entire tenure of Facility (For fixed markup mode):
   - Lien based: Deposit Rate (base rate) plus 1.0% (spread).
   - Non lien based: Respective PKRV (base rate) plus 1.5% (spread).

   OR

   Applicable Floating Rate on the facility is as follows, Base Rate shall be reviewed on the last business day of the previous Base Period. (For floating markup mode):
   - Lien based: SBP Floor Rate (Base Rate) plus 1.0% (Spread).
   - Non lien based: 1 Year KIBOR (Base Rate) plus 1.0% (Spread).
9. Upon approval of the Facility, I shall provide post dated cheques/debit authority for the monthly payments to BAHL-IBD.
10. Processing Fee of Rs. 7,000/= shall be paid by me me to BAHL-IBD.
11. Calculation of my 1st Total Monthly Payment shall be based on the date of disbursement. Furthermore, I understand that if the vehicle is delivered before 16th day of the month, my 1st monthly payment shall be due on 1st of the following month.
12. Installation of tracking device (if applicable) is solely being arranged by the Takaful company which is selected with my consent.
13. I am aware that the change in price and delivery of my financed vehicle is the sole discretion of manufacturer/ disbtributor which is selected with my consent.
14. I am aware that after disbursement of the Facility, if there is any change in the vehicle price (as and when demanded by the manufacturer/distributor), it shall be borne by me unless BAHL-IBD agrees to increase its participation. Where the additional amount is paid by me, it should be treated as my participation in the financed vehicle. In this case, the ownership proportion with the bank will be changed.
15. I am also aware that financed vehicle shall be covered under comprehensive Takaful policy at the price mentioned in the Offer Letter.
16. I will use and operate the financed vehicle for personal use only.
17. I will use and operate the financed vehicle in Sharia Compliant manner and not for any purpose prohibited by Sharia.
18. I will not use, operate or sublet financed vehicle for rental purposes, on lease, hire-purchase or any other purpose in violation of the terms and conditions of ther Facility.
19. I will not sell or transfer any rights, interests, assign, hypothecate or lien on the financed vehicle in any manner whatsoever.

میں/ہم بینک الحبیب لمیٹڈ اسلامک بینکنگ ڈویژن سے شرکت متناقصہ/اجارہ کی بنیاد پر گاڑی خریدنے کے لئے آٹو فائنانسنگ فیسیلیٹی کے لئے درخواست دیتا ہوں/ دیتی ہوں/ دیتے ہیں۔

میں/ہم تسلیم کرتا ہوں/کرتی ہوں/کرتے ہیں اور اس بات کی تصدیق کرتا ہوں/کرتی ہوں/کرتے ہیں:

۱۔ میرے/ ہمارے خلاف کوئی قانونی کاروائیاں نہیں کی گئی ہیں اور نہ جاری ہیں۔

۲۔ میری/ ہماری طرف سے اس درخواست میں فراہم کردہ تمام معلومات سچی، مکمل اور درست ہیں اور میں/ ہم نے کوئی حقائق پوشیدہ نہیں رکھے ہیں۔

۳۔ جن حوالہ داروں کی تفصیلات اس درخواست فارم میں درج ہیں وہ اس معاہدہ سے واقف ہیں اور بینک الحبیب لمیٹڈ اسلامک بینکنگ ڈویژن کو اس بات کی تصدیق کرنے کے پابند ہوں گے۔

۴۔ میری/ ہماری طرف سے دی گئی سہولت کی اس درخواست پر بینک الحبیب لمیٹڈ اسلامک بینکنگ ڈویژن اپنی صوابدید پر یہ سہولت آفر کرے گا اور بینک یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ وہ کوئی وجہ بتائے بغیر اس درخواست کو مسترد کردے۔

۵۔ جو فیسیلیٹی فراہم کی جائے گی وہ شرائط وضوابط سے مشروط ہوگی جو کہ آفر لیٹر میں درج ہونگے۔

۶۔ میں/ ہم بینک الحبیب لمیٹڈ اسلامک بینکنگ ڈویژن اور تیسرے فریق بشمول میرے/ ہمارے بینکرز کو اختیار دیتا ہوں/ دیتی ہوں/ دیتے ہیں کہ وہ جب تک میں/ ہم اس بینک کا/ کی صارف ہوں، وہ اس درخواست کی کاروائی کے لئے اور بینک الحبیب اسلامک بینکنگ ڈویژن کے اکاؤنٹ کے معاملے کے لئے میری/ ہماری کسی بھی طرح کی معلومات کا تبادلہ کرسکتے ہیں۔

۷۔ میں/ ہم تلافی کرتا ہوں/ کرتی ہوں/ کرتے ہیں اور متفق ہیں کہ بینک الحبیب لمیٹڈ اسلامک بینکنگ ڈویژن کو کسی بھی ہرجانے اور نقصان، لاگتوں اور اخراجات، فیس دعووں اور کاروائیوں سے محفوظ اور بے ضرر رکھنے کے لئے جو میری/ ہماری جانب سے کسی بھی قسم کی فراہم کردہ معلومات یا نمائندگی درست نہ ہونے یا جھوٹ پر مبنی ہونے یا اس درخواست فارم پر یا میرے/ ہمارے دستخط میں فرق ہونے کی صورت میں ہوسکتے ہیں، اور میں/ ہم بذریعہ ہٰذا ذمہ داری لیتا ہوں/ لیتی ہوں/ لیتے ہیں کہ اس تلافی نامہ کہ تحت مطلوبہ رقم بینک الحبیب اسلامک بینکنگ ڈویژن کو پہلے تحریری مطالبہ پر (۷) دفتری ایام میں ادا کردونگا/ کردونگی/ کردینگے۔

۸۔ فیسیلیٹی پر قابل اطلاق مقررہ ریٹ مندرجہ ذیل ہیں، جو پورے دورانیے کے لئے مقرر ہے (کرایہ کی فکس شرح کے انتخاب پر):

- رہن پر مبنی: ڈپازٹ ریٹ (بیس ریٹ) پلس 1.0% (اضافہ)۔
- غیر رہن پر مبنی: PKRV (بیس ریٹ) پلس 1.5 % (اضافہ)۔

یا

فیسیلیٹی پر قابل اطلاق متغیر ریٹ آف رٹرن مندرجہ ذیل ہیں، بنیادی ریٹ کا جائزہ پچھلے کرایہ کے دورانیے کے آخری کاروباری دن پر کیا جائے گا۔ (کرایہ کی متغیر شرح کے انتخاب پر)

- رہن پر مبنی: SBP فلور ریٹ (بیس ریٹ) پلس 1.0% (اضافہ)۔
- غیر رہن پر مبنی: KIBOR (بیس ریٹ) پلس 1.0% (اضافہ)۔

۹۔ فیسیلیٹی کی منظوری کے بعد میں بینک الحبیب کو ماہانہ ادائیگیوں کے لئے اگلی تاریخوں کے چیک/ اکاونٹ سے کٹوتی کا اختیار فراہم کرونگا/ کرونگی۔

۱۰۔ پروسیسنگ فیس سات ہزار روپے کی ادائیگی بینک الحبیب کو کرونگا/ کرونگی۔

۱۱۔ میری پہلی کُل ماہانہ ادائیگی کا حساب ادائیگی کی تاریخ پر مبنی ہوگا۔ مزید برآں، مجھے معلوم ہے کہ اگر مہینے کی سولہ تاریخ سے قبل گاڑی کی ڈیلیوری ہوئی تو میری پہلی ماہانہ قسط اگلے مہنے کی پہلی کو واجب الادا ہوگی۔

۱۲۔ ٹریکنگ کے آلے کی تنصیب (اگر لاگو ہوئی) کا اہتمام تکافل کمپنی کی طرف سے کیا جارہا ہے جسے میری رضامندی سے منتخب کیا گیا ہے۔

۱۳۔ مجھے معلوم ہے کہ قیمت میں تبدیلی اور گاڑی کی ڈیلیوری مینوفیکچرر/ ڈسٹری بیوٹر کی صوابدید پر ہے جو میری رضامندی سے منتخب کیا گیا ہے۔

۱۴۔ مجھے معلوم ہے کہ فیسیلیٹی کی دستیابی کے بعد گاڑی کی قیمت میں تبدیلی کی صورت میں مینوفیکچرر/ ڈسٹری بیوٹر نے اس کا مطالبہ کیا اور بینک اس اضافے میں شراکت پر متفق نہ ہوا تو اضافی رقم کو میں خود برداشت کروں گا۔ میری طرف سے ادا کردہ اضافی رقم کو اثاثہ میں میرا حصہ شمار کیا جائے۔ اس کے نتیجے میں گاڑی کی ملکیت میں شرح بینک کے ساتھ بدل جائے گی۔

۱۵۔ مجھے یہ بھی معلوم ہے کہ گاڑی کی جامع تکافل پالیسی آفر لیٹر/ ایجاب نامہ میں ذکر کردہ قیمت کے مطابق کروائی جائے گی۔

۱۶۔ میں فائنانسنگ والی گاڑی کو صرف ذاتی طوار پر استعمال کرونگا/ کرونگی۔

۱۷۔ میں فائنانسنگ والی گاڑی کا استعمال شرعی مطابقت سے کرونگا اور کسی شرعی طور پر ممنوع مقاصد کے لئے استعمال نہیں کرونگا/ کرونگی۔

۱۸۔ میں فائنانسنگ والی گاڑی کا استعمال یا دستیابی کرائے کے مقصد کے لئے، لیز یا ہائر پرچیز، یا کسی اور مقصد جس سے اس فیسیلیٹی کی خلاف ورزی ہو، نہیں کرونگا/ کرونگی۔

۱۹۔ میں فائنانسنگ والی گاڑی کی فروخت یا اس اسکے حقوق، مفادات کی منتقلی، تفویض، کرایہ داری یا رہن کا معاملہ کسی بھی طرح نہیں کرونگا/ کرونگی۔